دی سٹی اسکول

یونیورسٹی روڈ کیمپس

مارچ ۲۰۲۰

تفہیم جماعت: پنجم

نام:________________ فریق________________ تاریخ________________

سوال نمبر ۱: درج ذیل تفہیم کے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

خلیفہ ہارون الرّشید کی محبوب بیگم زُبیدہ خاتون کا نام اب تک ان کارناموں کی بدولت زندہ ہے جن سے زُبیدہ کے زمانے میں بھی خُدا کے بندوں نے فائدہ اُٹھایا اور آج تک فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔ اس نے سینکڑوں تالاب بنوائے، سینکڑوں مسجدیں اور سرائیں تعمیر کرائیں۔ اس کا سب سے بڑا اور ہمیشہ زندہ رہنے والا کارنامہ یہ ہے کہ مکہ مکرمہ کے لیے ایک نہر کا انتظام کیا جواب تک "نہرِ زُبیدہ" کے نام سے مشہور ہے۔ یہ نہر حاجیوں اور اہلِ مکہ کے لیے صدیوں سے خُدا کی خاص رحمت بنی ہوئی ہے۔ مکہ مکرمہ سے پندرہ بیس میل دُور مشرق میں پہاڑوں کے اندر ایک چشمہ مِلا۔ وہیں سے نہر کی ابتدا ہوئی۔ پھر اس میں دوسرے چشمے شامل کر دیے گئے۔ یہ نہر عرفات، مُزدلفہ اور منیٰ ہوئی ہوئی مکہ مکرمہ پہنچتی ہے۔ اس کے اکثر حصے زمین دوز ہیں، جیسے ہمارے یہاں بلوچستان میں کاریزیں ہوتی ہیں۔ مناسب مقامات پر اپنی کے ذخیرے بنا دیے گئے ہیں۔ حج کے موقع پر لاکھوں آدمی "نہرِ زُبیدہ" سے پانی لیتے ہیں۔

۱) زُبیدہ خاتون کون تھی؟

\---

\---

\---

۲) اس نے کون کون سے اچھے کام کیے؟

----

۳) اس کا سب سے بڑا کارنامہ کیا ہے؟

----

۴) نہرِ زُبیدہ کہاں سے نکالی گئی ہے؟

----

۵) نہرِ زُبیدہ حاجیوں کے لیے "خُدا کی خاص رحمت" کیوں قرار دی گئی ہے؟

----

۶) کاریز کسے کہتے ہیں۔

سوال نمبر۲: تفہیم کا مناسب عنوان تجویز کریں۔

جواب: ---

سوال نمبر۳: درج ذیل الفاظ کے متضاد تحریر کریں۔

ا۔	فائدہ	________	۳۔	رحمت	________
۲۔	خاص	________	۴۔	زندہ	________
۵۔	مشرق	________	۶۔	بڑا	________

سوال نمبر۴: مندرجہ بالا عبارت سے پانچ پانچ اسم معرفہ و نکرہ تلاش کر کے لکھیں۔

اسم نکرہ		اسم معرفہ	
________	________	________	________
________	________	________	________
________		________	